## خدمت خلق فاؤنڈیشن نے ہنزہ متاثرین کیلئے 4 ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان کی تیسری کھیپ روانہ کردی

## امدادی کھیپ میں لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، ادویات اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء شامل ہیں

## خدمت خلق فاؤنڈیشن شروع دن سے ہی بلاتفریق دکھی انسانیت کی بڑھ چڑھ کر خدمات کررہا ہے، اراکین رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔23مئی2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے ہنزہ متاثرین کیلئے 4 ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان کی تیسری کھیپ روانہ کردی ہے۔امدادی سامان کی یہ کھیپ اتوار کی صبح خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع کراچی سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل، سلیم تاجک، افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے اپنی نگرانی میں روانہ کی۔امدادی کھیپ میں لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، کمبل، خیمے، لحاف، ملبوسات اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء بڑی مقدار میں شامل ہیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے لگائے گئے مرکزی کیمپ کا دورہ کیا اور یہاں امدادی اشیاء جمع کرانے والے افراد کا خیر مقدم کیا اور ان کے جذبے کو سراہا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن شروع دن سے ہی بلاتفریق دکھی انسانیت کی بڑھ چڑھ کر عملی خدمت کررہا ہے، سونامی، ایران کے شہر بام اور آزاد کشمیر سمیت صوبہ پختونخوا میں آنے والے قیامت خیز زلزلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی عملی خدمات نمایاں رہی ہیں جس کے اعتراف میں اسے حکومتی سطح پر ایوارڈ سے بھی نوازا گیا ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی سرگرمیاں انجام دینے والے رضا کاروں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا

## روزنامہ جنگ اور جیو چینل کے دفاتر پر مسلح حملہ اور صحافیوں کو ہراساں کرنے کا عمل آزادی صحافت پر حملہ ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایک جماعت کے کارکنوں کی جانب سے روزنامہ جنگ اور جیو چینل کے دفاتر پر مسلح حملے اور صحافیوں کو ہراساں کرنے کی مذمت کی ہے اور اسے آزادی صحافت پر حملہ قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان مین رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کا آئین اور قانون کسی بھی سیاسی جماعت کو پرامن احتجاج کے حق کو استعمال کرنے سے نہیں روکتا تاہم احتجاج کی آڑ میں اخبارات اور چینل کے دفاتر پر حملے اور صحافیوں کو ہراساں کرنے کا کوئی اخلاقی جواز نہیں ہے۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ایسے عناصر کے خلاف فوری کارروائی کرکے جنگ اور جیو دفاتر کو تحفظ فراہم کرے۔

## سندھ کے اساتذہ کے ساتھ ہونے والے امتیازی سلوک کا خاتمہ کیا جائے، رابطہ کمیٹی

## پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن سندھ کے وفد کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔23مئی2010ء

پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن سندھ کے نمائندہ وفد نے اتوار کی شب خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کنور نوید، شاہد لطیف اور اشفاق منگی سے ملاقات کی اور انہیں پرائمری ٹیچرز کو درپیش دیرینہ مسائل سے آگاہ کیا۔وفد میں جنرل سیکریٹری پرائمری ٹیچرز ایسوسی ایشن لیاقت علی، صدر کراچی ڈویژن مقبول احمد سہتو، جنرل سیکریٹری وسینئر وائس پریذیڈنٹ کرشن گوپال اور اراکین مرکزی مجلس عاملہ محمد فاروق آرائیں، قلندر بخش اور سیف اللہ مینگل شامل تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔وفد کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کو بتایا کہ عرصہ دراز سے سندھ کے پرائمری اساتذہ کے جائز حقوق کو غصب کیا جارہا ہے جس کے باعث اساتذہ میں شدید بے چینی پائی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے وفد کی گذارشات کو غور سے سنا اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر تعلیم پیر مظہر الحق سے مطالبہ کیا کہ سندھ کے اساتذہ کے ساتھ ہونے والے امتیازی سلوک کا خاتمہ کیا جائے اور ملک کے دیگر حصوں کی طرح سندھ اساتذہ کو بھی جائز مراعات فراہم کیے جائیں۔

## سندھ بھر میں جاری ایم کیو ایم کی رکنیت سازی مہم ہفتے کو ہنوز جاری رہی

## 9 زونوں میں 115 مقامات پر ایم کیو ایم کے تحت قائم کیے گئے، عوام کا زبردست رش

## سانگھڑ، حیدرآباد اور نوابشاہ زونز میں قائم کیے گئے، مجموعی طور پر ہزاروں افراد کی ایم کیو ایم میں شمولیت

حیدرآباد۔۔۔(بیس کیمپ) 22، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام سندھ بھر میں جاری ایم کیو ایم کی رکنیت سازی مہم ہفتے کو بھی بھرپور جوش وخروش کے ساتھ جاری رہی اور اب تک ہزاروں افراد رکنیت سازی فارم پُر کرکے ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کر چکے ہیں۔ایم کیو ایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں حیدرآباد سمیت میرپور خاص، نوابشاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہیار، جامشورو، عمر کوٹ، تھر (مٹھی)، ٹھٹھہ اور بدین زون میں ایم کیو ایم کی جانب سے 115 مقامات پر رکنیت سازی کے کیمپس لگائے گئے اور جہاں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے ایم کیو ایم کی رکنیت سازی کے فارم پُر کرکے ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کیا، رکنیت سازی کیمپس پر موجود رابطہ کمیٹی کے اراکین، ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور زونل کمیٹیوں کے انچارج واراکین نے مقامی افراد سے رکنیت سازی کے پُر شدہ فارم وصول کئے اور ایم کیو ایم میں شمولیت اختیار کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی۔ ہفتے کو رکنیت سازی مہم کے دوران ایم کیو ایم سانگھڑ زون کے تحت شاہ پور چاکر اور کھنڈرو جبکہ حیدرآباد زون کے تحت سیکٹر اے، سیکٹر ہالہ، ٹنڈو جام اور سیکٹر ٹنڈو محمد خان اور اسی طرح نواب شاہ زون کے تحت یونٹس گچپانی، جام صاحب، سٹھ میل، جمال شاہ، روڈ، باندھی، بچھیری، دولت پور، قاضی سکرنڈ اور کمب لیماں میں رکنیت سازی کے کیمپس قائم کیے گئے جن میں ایم کیو ایم جہاں مختلف برادریوں اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں شہریوں نے شدید گرمی کے باوجود ان کیمپوں پر از خود رابطہ کیا اور ایم کیو ایم کی رکنیت سازی کے فارم پُر کرکے ایم کیو ایم میں شمولیت کا اعلان کیا ایم کیو ایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں اندرون سندھ کے عوام نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا جس کے باعث کیمپوں پر عوام کا زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آیا اور عوام نے تیز دھوپ اور بھوک و پیاس کی پروا کیے بغیر لمبی لمبی قطاریں لگا کر مہم میں حصہ لیا۔ قائد تحریک الطاف حسین ہی غریب ومظلوم طبقے کے عوام کو فرسودہ جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام سے نہ صرف نجات دلا سکتے ہیں بلکہ ان کے حالات زندگی بھی بدلنے کی پوری صلاحیت رکھتے ہیں۔

## ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن محفوظ علی برنی انتقال کر گئے، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔23، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن محفوظ علی برنی انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 48 سال تھی اور انہیں گزشتہ روز دل کا دورہ پڑا جس کے باعث وہ انتقال کر گئے۔ محفوظ علی برنی مرحوم کے سوگواران میں بیوہ، 4 لڑکیاں اور 2 لڑکے شامل ہے۔ مرحوم کو اسماعیل گوٹھ لانڈھی نمبر 1 کے قبرستان میں سپردخاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ اور تدفین حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید خالد احمد، ایم کیو ایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محفوظ علی برنی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کارکن محفوظ علی برنی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا فرمائیں۔

## ناظم آباد گلبہار سیکٹر کمیٹی کے رکن اور ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن آصف کے بھائی مشتاق اور ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 94 کے کارکن پرویز احمد کی والدہ محترمہ اختر جہاں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆